نام کتاب : مختصر معارف القرآن از مولانا مفتی محمد شفیعؒ (تین جلدیں)
تلخیص نگار: ابوالحسن اعظمی
ناشر : مکتبہ صوت القرآن، محلّہ خانقاہ، دیو بند-۲۴۷۵۵۴
سنِ اشاعت: ۱۴۲۹ھ
صفحات : ۸۰۶+۷۹۹+۷۸۱
قیمت : ۳۵۰ روپے (مکمل سیٹ)

قاری ابوالحسن اعظمی دارالعلوم دیو بند کے ممتاز استاد، علم قرأت و تجوید کے ماہر اور معروف صاحب قلم ہیں۔ اس فن پر ان کی بیش بہا تالیفات کثیر تعداد میں منظر عام پر آ چکی ہیں۔ مجلّہ علوم القرآن میں اس سے قبل ان کی متعدد کتب کا تعارف شائع ہو چکا ہے۔ پیش نظر تالیف بھی قرآنیات میں ان کی خصوصی دلچسپی کی غماز ہے۔

مولانا مفتی محمد شفیعؒ کی معروف تفسیر ''معارف القرآن'' ۸ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ کم وقت میں اس سے استفادہ میں آسانی کی خاطر قاری ابوالحسن اعظمی نے تین جلدوں میں اس کی تخلیص ''مختصر معارف القرآن'' کے نام سے تیار کی ہے۔ یہ بڑی وقیع کوشش ہے جس سے ایک اہم ضرورت کی تکمیل ہوتی ہے۔ معارف القرآن میں بہت سی آیات کی تشریح وتوضیح کے ضمن میں طویل بحثیں ملتی ہیں۔ ان کی تلخیص میں یہ احتیاط برتی گئی ہے کہ کوئی بحث رہ نہ جائے۔ معارف القرآن میں جو مضامین مکرر بیان ہوئے ہیں ان کی تلخیص ایک جگہ کردی گئی ہے۔ اصل تفسیر میں ایک رکوع ایک ساتھ نقل کرکے اس کی آیات کی تشریح وتوضیح کا اہتمام نہیں تھا۔ فاضل ملخص نے افادۂ عام کی خاطر ایک رکوع کی تفسیر ایک ساتھ بیان کرنے کا التزام کیا ہے اور جہاں ضرورت ہوئی ہے دو دو اور تین تین رکوع ایک ساتھ لیا ہے۔ معارف القرآن میں ''معارف و مسائل'' کے تحت آیات زیر بحث سے متعلق قیمتی نکات و لطائف کی جو وضاحت ملتی ہے وہ اس تفسیر کے مشتملات کا نہایت اہم حصہ ہے۔ قاری صاحب نے ان کی تلخیص پر خصوصی توجہ فرمائی ہے اور خود مفسر گرامی کے الفاظ میں ان کا اختصار یہ بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔